WED.29.May.2024
VOLUME:19 NO: 137
PRICE: 3=00
Mob:8055362952
Pages:4

Established May 1994 : قائم شدہ: مئی

# ورقِ تازہ
ناندیڑ

RNI No. MAHURD/2006/16935
ناندیڑ اور پربھنی سے علاحدہ ایڈیشن کی اشاعت
waraquetaza.com
waraquetaza.com/E-paper

بروز بدھ 29/مئی 2024
جلد:19 شمار 137
19/ذی القعدہ 1445ھ
قیمت:00=3 روپے
صفحات: 4

THE WARAQU-E-TAZA URDU DAILY NANDED
waraquetazadaily@rediffmail.com-Email:waraquetazadaily@yahoo.co.in
HON'RY EDITOR:Mohd.Taqui (M.A,B.Ed)
اعزازی مدیر:محمد تقی (ایم۔اے،بی۔ایڈ)



Alhaj Md. Javeed 8888 96 1111
Md. Younus 8888 95 1111
Md. Tajammul 8888 94 1111
Md. Awes 8888 93 1111
MUSKAN JEWELLERS
مُسکان جیولرس
سونے کے زیورات کا وسیع اور عمدہ شوروم
صرافہ بازار، چوک، ناندیڑ۔

الحاج قاضی نوید محی الدین صدیقی
M.: 9960532993
7249532993
کنگن جیولرس
KANGAN JEWELLERS
اسحاق ٹاور، صرافہ بازار، چوک، ناندیڑ۔
ہمارے پاس ترکش، کویتی، عربی سونے کے زیورات تیار اور آرڈر کے مطابق بنا کر دیئے جاتے ہیں۔



Alhaj Md. Javeed 8888 96 1111
Md. Younus 8888 95 1111
Md. Tajammul 8888 94 1111
Md. Awes 8888 93 1111
MUSKAN JEWELLERS
مُسکان جیولرس
سونے کے زیورات کا وسیع اور عمدہ شوروم
صرافہ بازار، چوک، ناندیڑ۔


## کیجریوال کی عبوری ضمانت میں توسیع کی درخواست
## لسٹ کرنے سے سپریم کورٹ کی رجسٹری کا انکار

نئی دہلی: سپریم کورٹ کی رجسٹری نے دہلی ایکسائز پالیسی سے متعلق مبینہ منی لانڈرنگ کیس کے ملزم وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال کی یکم جون کو ختم ہونے والی عبوری ضمانت کی مدت میں سات دن کی توسیع کرنے کی درخواست کو لسٹ کرنے سے انکار کر دیا۔ سرکاری ذرائع کے مطابق رجسٹری نے کہا کہ جسٹس سنجیو کھنہ اور دیپانکر دتہ کی بنچ نے وزیر اعلیٰ کیجریوال کو عبوری ضمانت دینے کے ساتھ ساتھ باقاعدہ ضمانت کے لیے نچلی عدالت سے رجوع کرنے کی بھی آزادی دی ہے، اس لیے ان کی درخواست (عبوری ضمانت میں توسیع کے لیے) قابل غور نہیں ہے۔ عدالت عظمیٰ کے ایک اہلکار نے یہ بھی کہا کہ ان کی موجودہ درخواست کا عدالت کے سامنے زیر التوا معاملے سے کوئی تعلق نہیں ہے کیونکہ گرفتاری کے خلاف ان کی درخواست پر فیصلہ پہلے ہی محفوظ کیا جا چکا ہے۔ جسٹس جے کے مہیشوری اور کے وی وشوناتھن کی تعطیلاتی بنچ نے منگل کو عرضی گزار کی طرف سے پیش ہونے والے سینئر وکیل اے ایم سنگھوی کو بتایا کہ (کیجریوال کی) درخواست کو لسٹ کرنے کے بارے میں چیف جسٹس فیصلہ کر سکتے ہیں۔ جسٹس سنجیو کھنہ اور جسٹس دیپانکر دتہ کی بنچ نے 10 مئی کو مسٹر کیجریوال کو لوک سبھا انتخابی مہم میں حصہ لینے کے لیے یکم جون تک عبوری ضمانت دی تھی اور 2 جون کو انہیں جیل حکام کے سامنے خود سپردگی کا حکم دیا تھا۔ دہلی کے وزیر اعلیٰ کیجریوال کو تہاڑ سینٹرل جیل میں عدالتی حراست میں رکھا گیا ہے۔ عدالت عظمیٰ نے 17 مئی کو مسٹر کیجریوال کی 21 مارچ کو ان کی گرفتاری اور اس کے بعد انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ (ای ڈی) کے ذریعہ نظر بندی کو چیلنج کرنے والی اپیل پر اپنا فیصلہ محفوظ رکھا تھا۔ دہلی ایکسائز پالیسی سے متعلق مبینہ منی لانڈرنگ کیس کے ملزمان میں سے ایک مسٹر کیجریوال نے اپنی درخواست میں دعویٰ کیا تھا کہ ان کی گرفتاری کے بعد ان کا وزن سات کلوگرام کم ہو گیا ہے، جو ایک سنگین بیماری کی علامت ہے۔ انہوں نے اپنی درخواست میں کہا تھا کہ "میکس اسپتال کے متعلقہ ڈاکٹروں نے، جو اس وقت ان کا علاج کر رہے ہیں، نے کچھ ٹیسٹ کرانے کا مشورہ دیا ہے، جس میں سات دن کا وقت درکار ہے۔" درخواست میں کہا گیا ہے کہ وہ پی ای ٹی-سی ٹی اسکین اور دیگر علاج کرائیں گے۔ عام آدمی پارٹی (آپ) کے قومی کنوینر مسٹر کیجریوال کو 21 مارچ کو ای ڈی نے دہلی ایکسائز پالیسی 2021-22 میں مبینہ گھپلے کے معاملے میں گرفتار کیا تھا (جسے تنازعہ کے بعد منسوخ کر دیا گیا تھا)۔ مسٹر کیجریوال کو گرفتار کرنے والی مرکزی تفتیشی ایجنسی انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ (ای ڈی) نے دہلی کے وزیر اعلیٰ پر کلیدی سازشی ہونے کا الزام لگایا ہے۔ ان پر الزام ہے کہ انہوں نے سابقہ گوا اسمبلی انتخابی مہم کے لیے 100 کروڑ روپے حاصل کیے تھے، اس معاملے میں انہیں سپریم کورٹ نے عبوری ضمانت دی تھی۔ لیکن انہوں نے ابھی تک باقاعدہ ضمانت کے لیے کوئی درخواست دائر نہیں کی ہے۔ سینٹرل بیورو آف انوسٹی گیشن (سی بی آئی) نے 17 اگست 22 کو ایکسائز پالیسی کی تشکیل اور اس کے نفاذ میں بے ضابطگیوں کا الزام لگاتے ہوئے فوجداری کا مقدمہ درج کیا تھا۔ اسی بنیاد پر ای ڈی نے 22 اگست کو منی لانڈرنگ کا مقدمہ درج کیا تھا۔ ای ڈی کا دعویٰ ہے کہ عام آدمی پارٹی کے سرکردہ لیڈران، دہلی کے وزیر اعلیٰ کیجریوال، سابق نائب وزیر اعلیٰ منیش سسودیا، راجیہ سبھا کے رکن سنجے سنگھ اور دیگر نے پیسہ کمانے کی "سازش" کی ہے۔ اس معاملے میں سابق نائب وزیر اعلیٰ سسودیا اس وقت عدالتی حراست میں تہاڑ جیل میں بند ہیں۔ قابل ذکر ہے کہ اس معاملے میں سپریم کورٹ نے 2 اپریل کو آپ کے رکن پارلیمنٹ سنجے سنگھ کو راحت دی تھی۔

## 'انڈیا اتحاد کی حکومت بنتے ہی
## کسانوں کا قرض معاف ہوگا': راہول

لدھیانہ: 29/مئی (ایجنسیز) لوک سبھا انتخاب 2024 کے ساتویں اور آخری مرحلہ کے لیے سبھی سیاسی پارٹیوں نے اپنی پوری طاقت جھونک دی ہے۔ اس درمیان کانگریس کے سابق صدر راہل گاندھی بدھ کے روز پنجاب پہنچے جہاں لدھیانہ میں ایک ریلی سے خطاب کیا۔ یہاں راہل گاندھی نے کسانوں سے ایک بڑا وعدہ کرتے ہوئے کہا کہ انڈیا اتحاد کی حکومت بننے کے فوراً بعد کسانوں کا قرض معاف کرنے کی تیاریاں شروع ہو جائیں گی۔ راہل گاندھی نے کہا کہ انڈیا اتحاد کی حکومت بننے کے بعد کسان کا قرض معاف کرنے کے لیے ایک کمیشن بنایا جائے گا۔ انھوں نے اس تعلق سے کہا کہ "انڈیا اتحاد کی حکومت بنتے ہی ہم کسانوں کا قرض اسی طرح معاف کر دیں گے جیسے وہ (بی جے پی) ارب پتیوں کا قرض معاف کرتے ہیں۔" راہل گاندھی کا کہنا ہے کہ ہم صرف ایک بار کسانوں کا قرض معاف نہیں کریں گے۔ اس کے لیے ہم ایک کمیشن بنائیں گے، جسے کسان قرض معافی کمیشن کہا جائے گا۔ وہ مزید کہتے ہیں کہ کسانوں کو جب بھی قرض معافی کی ضرورت ہوگی، یہ کمیشن حکومت کو اس کی جانکاری دے گی اور ہم قرض معاف کریں گے۔ راہل گاندھی نے واضح لفظوں میں کہا کہ "ایک بار، دو بار، تین بار، جتنی بار بھی کسانوں کو ضرورت ہوگی، ہم ان کا قرض معاف کریں گے۔ ہمیں کوئی فرق نہیں پڑتا۔" ساتھ ہی وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ "کسان ملک کے لیے ریڑھ کی ہڈی ہیں اور اس کی حفاظت ہونی چاہیے۔" پی ایم مودی کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے راہل گاندھی نے کہا کہ "پی ایم مودی کہتے ہیں کہ کسانوں کو قانونی ایم ایس پی نہیں دی جا سکتی ہے۔ لیکن الیکشن کے بعد 4 جون کو انڈیا اتحاد کی حکومت آئے گی اور ہم کسانوں کو پہلی بار گارنٹی کے ساتھ قانونی ایم ایس پی دیں گے۔" راہل گاندھی نے اپنی تقریر کے دوران پنجاب میں نشہ خوری سے متعلق موجودہ حالات پر تشویش کا بھی اظہار کیا۔ انھوں نے کہا کہ پنجاب میں ڈرگز کا معاملہ بڑھتا ہی جا رہا ہے۔ اس کے خلاف سخت کارروائی کی جانی چاہیے۔ پنجاب کو اپنی پوری طاقت کے ساتھ ڈرگز کے خلاف لڑنا چاہیے۔



کانگریس جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی ہماچل پردیش کے ہمیر پور میں انتخابی جلسہ کے موقع پر حامیوں سے ملاقات کرتے ہوئے۔

## شرجیل امام کو ملی ضمانت، جیل سے باہر نہیں آپائیں گے، جانئے کیوں؟



نئی دہلی: 29/مئی۔ (ایجنسیز) شہریت ترمیمی قانون کے خلاف احتجاج کے دوران مبینہ طور پر اشتعال انگیز تقریر کرنے کے الزام میں گرفتار کردہ جواہر لال نہرو کے اسکالر شرجیل امام کو دہلی ہائی کورٹ نے آج ضمانت دے دی ہے۔ تاہم وہ جیل سے رہا نہیں ہو پائیں گے۔ شرجیل امام نے ٹرائل کورٹ کے اس حکم کو چیلنج کیا تھا جس میں انہیں ضمانت دینے سے انکار کر دیا گیا تھا۔ انہوں نے دہلی ہائیکورٹ میں دلیل دی کہ اگر وہ اس مقدمے میں مجرم بھی ثابت ہو جاتے ہیں تو انہیں دی جانے والی زیادہ سے زیادہ سزا میں سے نصف سے زیادہ حصہ وہ بھگت چکے ہیں۔ جواہر لال نہرو یونیورسٹی کے ریسرچ اسکالر کو جنوری 2020 میں اس وقت گرفتار کیا گیا تھا جب ان کے خلاف شمال مشرقی ہندوستان کو بقیہ ہندوستان سے کاٹ دینے کی مبینہ کال پر بغاوت کا مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ انہوں نے یہ ریمارکس شہریت ترمیمی قانون کے خلاف مظاہروں کے درمیان ایک تقریر کے دوران کئے تھے۔ ان کے خلاف دہلی، آسام، منی پور، اروناچل پردیش اور اتر پردیش سمیت کئی ریاستوں میں مقدمات درج کیے گئے تھے۔ دہلی پولیس کے مطابق شرجیل امام نے جامعہ ملیہ اسلامیہ اور علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے پروگراموں میں تفرقہ انگیز تقاریر کی تھیں۔ وہ مبینہ طور پر نئے شہریت ترمیمی قانون کے خلاف دہلی کے شاہین باغ میں احتجاج کے منتظمین میں سے بھی ایک تھے۔ جسٹس سریش کمار کیت اور جسٹس منوج جین کی ہائی کورٹ بنچ کے سامنے بحث کرتے ہوئے استغاثہ نے کہا کہ شرجیل امام نے مبینہ طور پر اپنی تقریروں میں شمال مشرق کو ملک سے الگ کرنے کی دھمکی دی تھی۔ تاہم ڈویژن بنچ نے اس حقیقت کو مدنظر رکھتے ہوئے انہیں ضمانت منظور کی کہ وہ ممکنہ طور پر انہیں ملنے والی سزا کا نصف عرصہ پہلے ہی بھگت چکے ہیں۔ شرجیل امام تاہم جیل میں ہی رہیں گے کیونکہ 2020 کے دہلی فسادات کے سلسلے میں ایک بڑے سازشی کیس میں بھی ان کے خلاف مقدمہ درج ہے۔ شرجیل امام پر بغاوت سے متعلق آئی پی سی سیکشن کے تحت الزام لگایا گیا تھا اور غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام (یو اے پی اے) ایکٹ کی دفعہ 13 بھی لگائی گئی تھی۔ ضمانت کی درخواست کرتے ہوئے شرجیل امام نے عدالت کو بتایا کہ UAPA کی دفعہ 13 کے تحت زیادہ سے زیادہ سزا سات سال ہے اور وہ پہلے ہی چار سال سے زیادہ عرصے سے حراست میں ہیں۔ ایک ٹرائل کورٹ نے قبل ازیں انہیں ضمانت دینے سے انکار کر دیا تھا، یہ نوٹ کرتے ہوئے کہ ملزم کی حراست میں "غیر معمولی حالات" میں توسیع کی جا سکتی ہے۔ شرجیل امام شمال مشرقی دہلی میں 2020 کے فسادات سے منسلک کئی معاملات میں بھی ملزم قرار دیئے گئے ہیں اور ان کے خلاف فسادات کی ایک بڑی سازش میں شریک ہونے کا مقدمہ بھی درج ہے۔

## 'گاندھی فلم سے پہلے مہاتما گاندھی کو کوئی نہیں جانتا تھا'
### پی ایم مودی کا حیرت انگیز بیان، کھڑگے نے بنایا تنقید کا نشانہ

نئی دہلی: 29/مئی (ایجنسیز) وزیر اعظم نریندر مودی نے ایک انٹرویو کے دوران حیران کرنے والا بیان دیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ پہلے مہاتما گاندھی کو زیادہ لوگ نہیں جانتے تھے، 'گاندھی' فلم (1982) آنے کے بعد دنیا بھر میں انھیں پہچان ملی۔ اس بیان پر کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے پی ایم مودی کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ انھوں نے کہا کہ جن کے نظریاتی اجداد ناتھورام گوڈسے کے ساتھ مہاتما گاندھی جی کے قتل میں شامل تھے، وہ باپو کے ذریعہ دکھائے گئے سچائی کے راستہ پر کبھی نہیں چل سکتے۔ کانگریس صدر کھڑگے نے پی ایم مودی کے بیان پر یہ حملہ سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر کیے گئے ایک پوسٹ میں کیا ہے۔ انھوں نے اس پوسٹ میں لکھا ہے کہ "جن کے نظریاتی آبا و اجداد ناتھورام گوڈسے کے ساتھ مہاتما گاندھی جی کے قتل میں شامل تھے، وہ باپو کے ذریعہ دیے گئے سچائی کے راستہ پر کبھی نہیں چل سکتے۔" ساتھ ہی انھوں نے یہ بھی لکھا ہے کہ "اب جھوٹ جھولا اٹھا کر جانے والا ہے۔" دراصل پی ایم مودی نے ایک ہندی نیوز چینل کو انٹرویو دیا ہے جس میں وہ مہاتما گاندھی کے سلسلے میں ان کی پہچان کو لے کر بات چیت کرتے نظر آ رہے ہیں۔ ان کے بیان کا یہ حصہ کئی لوگوں نے سوشل میڈیا پر شیئر کیا ہے جس میں پی ایم مودی کہتے نظر آ رہے ہیں کہ "دنیا میں مہاتما گاندھی بہت عظیم ہستی تھے، کیا 75 سال میں ہماری ذمہ داری نہیں تھی کہ پوری دنیا مہاتما گاندھی کو جانیں۔" پھر وہ کہتے ہیں "کوئی نہیں جانتا گاندھی کو۔ پہلی بار جب گاندھی فلم بنی، تب دنیا کو دلچسپی ہوئی کہ یہ کون ہیں؟ یہ ہم نے نہیں کیا۔ اس ملک کا کام تھا۔ مارٹن لوتھر کنگ کو دنیا جانتی ہے، جنوبی ہند کے نیلسن منڈیلا کو دنیا جانتی ہے۔ گاندھی کسی سے کم نہیں تھے اور یہ ماننا پڑے گا، میں دنیا گھومنے کے بعد کہہ رہا ہوں کہ گاندھی اور گاندھی کے ذریعہ ہندوستان کو توجہ ملنی چاہیے تھی۔" قابل ذکر ہے کہ نریندر مودی اپنے بیان میں مارٹن لوتھر کنگ کی بات تو کر رہے ہیں، لیکن وہ شاید بھول گئے ہیں کہ مارٹن لوتھر کنگ اپنے دفتر کی دیوار پر مہاتما گاندھی کی تصویر لگاتے تھے۔ 50 کی دہائی میں انھوں نے گاندھی جی کے عدم تشدد کو اپنی ترغیب بتایا تھا۔ سوشل میڈیا پر لوگوں نے مارٹن لوتھر کنگ کا وہ بیان بھی شیئر کیا ہے جس میں وہ مہاتما گاندھی کے بارے میں بات کر رہے ہیں۔

## کارگزار وائس چانسلر کی تقرری معاملے میں
## دہلی ہائی کورٹ نے جامعہ ملیہ اسلامیہ کو بھیجا نوٹس

نئی دہلی: 29/مئی (ایجنسیز) پروفیسر اقبال حسین نے جامعہ ملیہ اسلامیہ کی پرو-وائس چانسلر اور اس کے بعد ان کی کارگزار وائس چانسلر میں ہونے والی تقرری کو ہائی کورٹ کی سنگل بنچ نے رد کر دیا تھا جس کو اقبال حسین نے چیلنج کیا تھا، اور اب اس پر ہائی کورٹ نے یونیورسٹی کا نظریہ پوچھا ہے۔ جسٹس وبھو بکھرو کی صدارت والی بنچ نے سنگل بنچ کے فیصلے کے خلاف اقبال حسین کی اپیل پر یونیورسٹی کو نوٹس جاری کیا ہے اور اس معاملے پر آئندہ سماعت کے لیے 12 اگست کی تاریخ مقرر کی ہے۔ ہائی کورٹ کی سنگل بنچ نے 22 مئی کو محمد سمیع احمد انصاری اور دیگر کی عرضیوں پر سماعت کرتے ہوئے پرو-وائس چانسلر کی شکل میں اقبال حسین کی تقرری کو رد کر دیا تھا۔ اس میں کہا گیا تھا کہ پرو-وائس چانسلر اور بعد میں کارگزار وائس چانسلر کی شکل میں ان کی تقرری قانون کے مطابق نہیں ہوئی تھی۔ عدالتی حکم کے کچھ گھنٹے بعد پروفیسر محمد شکیل کو کارگزار وائس چانسلر مقرر کر دیا گیا تھا۔ اس درمیان ہندی نیوز پورٹل 'اے بی پی لائیو' کے مطابق اقبال حسین کے وکیل نے عدالت سے عبوری راحت کی اپیل کی، حالانکہ بنچ نے کسی طرح کا حکم جاری کرنے سے انکار کر دیا اور کہا کہ ہم اس شخص کے کام میں رخنہ نہیں ڈالیں گے جو پہلے سے ہی عہدہ پر ہے۔ جبکہ پہلے کے حکم میں سنگل بنچ نے ہدایت دی تھی کہ کارگزار وائس چانسلر کے عہدہ پر ایک ہفتہ کے اندر نئی تقرری کی جائے اور ساتھ ہی مستقل وائس چانسلر کی تقرری کے لیے عمل شروع کرنے کا حکم دیا تھا۔

## فلم 'ہمارے 12' کی ریلیز پر پابندی لگانے کا مطالبہ
### مذہب اسلام کو بدنام کرنے کا الزام عائد

نئی دہلی: 29/مئی (ایجنسیز) آل انڈیا مسلم مجلس مشاورت کے صدر فیروز احمد ایڈووکیٹ نے 'ہم دو ہمارے 12' نام کی فلم کے ٹریلر پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ ایک نہایت زہریلی اور شر انگیز فلم ہے جو مسلمانوں کو بدنام کرنے اور نفرت پھیلانے کے ارادے سے بنائی گئی ہے۔ صدر مشاورت نے فلم سینسر بورڈ آف انڈیا کے نام اس سلسلے میں خط لکھا ہے جس میں فلم کی ریلیز پر فی الفور پابندی عائد کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ انھوں نے کہا ہے کہ 7 جون کو ریلیز کی جانے والی یہ فلم اسلام، مسلمان، مسلم خواتین اور ہندوستانی مسلم سماج کو بدنام کرنے کے لیے بنائی گئی ہے۔ ایسی فلم کے خلاف ایکشن لینا ضروری ہے تاکہ اس فتنے کی بروقت سرکوبی کی جا سکے۔ صدر مشاورت نے ملک کے انصاف پسند شہریوں سے اپیل کی ہے کہ اس فلم کے پروڈیوسر کو ایک خاص مذہبی طبقے کے خلاف نفرت پھیلانے کی اجازت ہرگز نہ دیں۔ سماج کے امن کو تباہ کر کے پیسہ کمانے کی حوصلہ افزائی کی گئی تو یہ لعنت وبا کی صورت اختیار کر لے گی۔ انھوں نے مزید کہا کہ نفرت کی تجارت ملک کو تباہ کرنے کی سازش کا ایک حصہ ہے۔

## پرجول ریونا کی 31 مئی کو بھارت پہنچتے ہی ہوگی گرفتاری

بنگلورو: کرناٹک کے وزیر داخلہ ڈاکٹر جی پرمیشور نے 29 مئی کو پرجول ریونا معاملے پر ایک اہم جانکاری دی۔ انھوں نے کہا کہ جنتا دل (ایس) رکن پارلیمنٹ پرجول ریونا کے خلاف گرفتاری وارنٹ جاری کر دیا گیا ہے۔ ساتھ ہی ایس آئی ٹی ذرائع نے بدھ کے روز اس بات کی تصدیق کر دی کہ ریونا نے 31 مئی کو لفتھانسا ایئر لائنس سے ہندوستان کے لیے فلائٹ بک کیا ہے اور جمعہ کو تقریباً 12.30 بجے بنگلورو پہنچنے کی امید ہے۔ قابل ذکر ہے کہ بھگوڑے رکن پارلیمنٹ اور سابق وزیر اعظم ایچ ڈی دیوگوڑا کے پوتے کرناٹک میں سنسنی پھیلانے والے سیکس ویڈیو معاملے میں کلیدی ملزم ہیں۔ کانگریس اور دیگر پارٹیوں نے یہ معاملہ سامنے آنے کے بعد جے ڈی ایس کے ساتھ ساتھ بی جے پی کو بھی خوب تنقید کا نشانہ بنایا اور وزیر اعظم نریندر مودی کی خاموشی پر بھی سوال اٹھائے۔

## بی جے پی ایم پی برج بھوشن کے بیٹے کے
## قافلہ کی کار نے بائیک سواروں کو روند ڈالا

لکھنؤ: قیصر گنج، اتر پردیش کے موجودہ رکن پارلیمنٹ برج بھوشن شرن سنگھ کے بیٹے کرن سنگھ کے قافلہ کی ایک گاڑی نے دو موٹر سائیکل سواروں کو کچل دیا۔ اس حادثہ میں دو لوگوں کی موت ہو گئی اور ایک خاتون کے زخمی ہونے کی اطلاع ہے جس کی حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے۔ تفصیلات کے بموجب کرن بھوشن کا قافلہ گونڈہ کے کرنل گنج-حضور پور روڈ پر گزر رہا تھا۔ قافلہ کی ایک فارچیونر کار نے موٹر سائیکل کو ٹکر مار دی۔ یہ حادثہ کرنل گنج کوتوالی علاقہ کے چھتئی پوروا کے قریب پیش آیا۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر تفتیش شروع کر دی۔ حادثہ اتنا خوفناک تھا کہ کار کا اگلا حصہ تباہ ہو گیا۔ آپ کو بتاتے چلیں کہ اس بار بی جے پی نے برج بھوشن شرن سنگھ کا ٹکٹ منسوخ کر کے ان کے بیٹے کرن سنگھ کو قیصر گنج سے اپنا امیدوار بنایا ہے۔ کرن سنگھ لوک سبھا انتخابات کے دوران اپنے قافلے کے ساتھ حضور پور جا رہے تھے۔ اس دوران ان کے قافلے کی فارچیونر کار نے اوورٹیک کرنے کی کوشش کرتے ہوئے دو موٹر سائیکل سواروں کو کچل دیا۔ اس خوفناک حادثہ میں موٹر سائیکل سوار دونوں کی موقع پر ہی موت ہو گئی۔ قریب بیٹھی خاتون شدید زخمی ہو گئی۔ خاتون کو علاج کے لیے اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔ جاں بحق افراد کی لاشوں کو پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا گیا ہے۔ حادثہ کتنا خوفناک تھا اس کا اندازہ گاڑی کے ٹوٹے ہوئے پرزوں کو دیکھ کر ہی لگایا جا سکتا ہے۔

## فرانسیسی پارلیمنٹ میں فلسطینی پرچم لہرا دیا گیا



پیرس: 29/مئی (ایجنسیز) فرانس کے پارلیمنٹ میں فلسطینی پرچم لہرانے پر بائیں بازوں کی جماعت کے رکن کو معطل کر کے جاری اجلاس ملتوی کر دیا گیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق پارلیمنٹ میں اجلاس کے دوران لیفٹ فرانس انبوڈ (ایل ایف آئی) پارٹی کے رکن سیبسٹین ڈیلوگو حکومت سے سوالات کے سیشن کے دوران اپنی نشست سے کھڑے ہوئے اور فلسطینی جھنڈا لہرایا۔ اسپیکر نے سیبسٹین ڈیلوگو کے اس عمل کی مذمت کرتے ہوئے ان کے رویے کو ناقابل قبول قرار دیا اور ساتھ ہی انہیں دو ہفتوں کیلیے معطل کیا۔ یہی نہیں بلکہ ان کے پارلیمانی الاؤنس کو دو ماہ کے لئے نصف کر دیا گیا۔ سیبسٹین ڈیلوگو ہاتھ سے وکٹری سائن بناتے ہوئے پارلیمنٹ سے چلے گئے۔ پارلیمنٹ میں فلسطینی پرچم لہرانے کا واقعہ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب اسپین، آئرلینڈ اور ناروے نے باضابطہ طور پر فلسطین کو ریاست کو تسلیم کیا جس کے بعد اقوام متحدہ میں 193 رکن ممالک میں سے فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے والوں کی تعداد 145 ہو گئی۔ فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون نے فروری میں کہا تھا کہ فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنا اب ممنوع نہیں رہا۔

## جبری تخلیہ کیس، ایس پی لیڈر
## محمد اعظم خان خاطی قرار



رام پور: ایک عدالت نے آج یہاں سماج وادی پارٹی کے لیڈر محمد اعظم خان کو ایک مکان کا جبری تخلیہ کرانے اور مالکِ مکان کو مار پیٹ کرنے کے 8 سال قدیم کیس میں قصوروار قرار دیا۔ رام پور کی خصوصی ایم پی۔ ایم ایل اے عدالت نے اس کیس میں خان کو قصوروار پایا۔ ان کے وکیل ونود شرما نے یہ بات بتائی۔ انہوں نے کہا کہ سزا بعد میں سنائی جائے گی۔ وہ ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ عدالت میں پیش ہوئے تھے۔ دسمبر 2016 میں متاثرہ شخص ابرار نے اعظم خان اور ریٹائرڈ سرکل آفیسر برکت علی کے خلاف شکایت درج کرائی تھی۔ انہوں نے کہا تھا کہ یہ لوگ زبردستی ان کے گھر میں داخل ہو گئے تھے، جائیداد کو نقصان پہنچایا تھا اور گھر خالی کرانے کے لئے انہیں مار پیٹ کی تھی۔ ایس پی لیڈر فی الحال دیگر کیس میں سیتاپور جیل میں ہیں۔

## پاکستان: عمران خان کی شریک حیات بشریٰ بی بی کے
## سابق شوہر پر اسلام آباد کورٹ کے باہر حملہ

اسلام آباد: 29/مئی (ایجنسیز) عمران خان کی تیسری شریک حیات بشریٰ بی بی کے سابق شوہر پر آج اسلام آباد ہائی کورٹ کے باہر حملہ ہو گیا۔ بتایا جاتا ہے کہ حملہ کرنے والوں میں عمران خان کے ایک وکیل بھی شامل تھے۔ یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب وہ غیر اسلامی شادی کے معاملے میں عمران-بشریٰ کو قصوروار قرار دیے جانے کے خلاف اپیل پر سماعت کے لیے حاضر ہوئے تھے۔ قابل ذکر ہے کہ 71 سالہ عمران خان اور 49 سالہ بشریٰ بی بی کو 3 فروری کو ٹرائل کورٹ نے عدت کے دوران شادی کرنے کے لیے سات سات سال جیل کی سزا سنائی تھی۔ دراصل بشریٰ کے سابق شوہر خاور مانیکا نے عمران-بشریٰ کے خلاف نومبر 2023 میں معاملہ داخل کیا تھا جس میں الزام عائد کیا گیا تھا کہ انھوں نے بشریٰ کے ذریعہ عدت کے لیے لازمی انتظار کی مدت پر عمل کیے بغیر شادی کی۔ انھوں نے عدالت سے شادی کو ناجائز قرار دینے کا مطالبہ کیا تھا۔ اس معاملے پر عدالت نے 23 مئی کو اپیل پر فیصلہ محفوظ رکھ لیا تھا اور بدھ کے روز فیصلہ سنایا جانا تھا۔ بشریٰ اور ان کے شوہر و پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی عمران خان کے ذریعہ اس معاملے میں قصوروار قرار دیے جانے کے خلاف داخل اپیلوں کی سماعت کے دوران اسلام آباد ضلع و سیشن جج شاہ رخ ارجمند فیصلہ سنائے بغیر اپنے کمرے میں چلے گئے۔ اس حادثہ کے بعد پی ٹی آئی کے وکیلوں نے عدالتی کمرے میں بوتلیں پھینکیں جس کو پیش نظر رکھتے ہوئے خاور مانیکا کے وکیلوں نے انھیں باہر نکالا۔ حالانکہ باہر نکالے جانے کے دوران پی ٹی آئی کے ایک وکیل نے عدالتی احاطہ میں مانیکا پر حملہ کر دیا جس سے وہ زمین پر گر گئے۔ واضح رہے کہ عمران خان اور بشریٰ بی بی نے 2018 میں شادی کی تھی۔ اسی سال عمران خان عام انتخاب میں کامیابی حاصل کر وزیر اعظم بنے تھے۔ اس وقت بشریٰ ظاہری طور پر ان کی روحانی راہنما تھیں، لیکن ملاقاتوں کے دوران دونوں کے درمیان ایک دوسرے کے تئیں انسیت پیدا ہوئی۔ انھوں نے اپنی 28 سالہ پرانی ازدواجی زندگی ختم کر شوہر سے طلاق لے لیا۔ خاور مانیکا سے بشریٰ بی بی کے پانچ بچے ہیں اور اب بشریٰ عمران خان کی تیسری شریک حیات ہیں۔

## ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی
## محبوبہ مفتی کے خلاف مقدمہ درج

سری نگر: جموں و کشمیر پولیس نے پی ڈی پی صدر اور سابق چیف منسٹر محبوبہ مفتی کے خلاف اننت ناگ۔ راجوری لوک سبھا نشست پر پولنگ کے دن انتخابی ضابطہ اخلاق کی مبینہ خلاف ورزی کے الزام میں مقدمہ درج کیا ہے۔ بتادیں کہ محبوبہ مفتی نے جو اننت ناگ۔ راجوری لوک سبھا نشست کی امیدوار ہیں 25 مئی کو جب اس نشست کے لئے پولنگ ہو رہی تھی' اننت ناگ میں پارٹی ورکروں کی مبینہ گرفتاری کے خلاف احتجاجی دھرنا دیا تھا۔ دریں اثنا پی ڈی پی صدر نے ان کے خلاف درج ایف آئی آر کو 'حکومت کے سامنے سچ بولنے کی قیمت ادا کرنے' سے تعبیر کیا ہے۔ انہوں نے چہار شنبہ کے دن ایکس پر اپنے ایک طویل پوسٹ میں کہا کہ بظاہر انتخابی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر میرے خلاف درج ایف آئی آر دیکھ کر ہنسی آئی۔ انہوں نے کہا کہ یہ پی ڈی پی نے حکومت کے سامنے سچ بولنے کی قیمت ادا کی ہے۔ ان کا پوسٹ میں کہنا تھا کہ ہمارا احتجاج حکومت ہند کے خلاف تھا جس نے مقامی انتظامیہ کے ساتھ مل کر پی ڈی پی کے سینکڑوں پولنگ ایجنٹوں اور ورکروں کو ووٹنگ سے گھنٹوں پہلے ہی حراست میں لیا تھا' محبوبہ مفتی نے کہا: 'اس پر ہی اکتفا نہیں کیا گیا بلکہ اس انتظامیہ نے ووٹروں کو ڈرانے اور ان کو ووٹ ڈالنے سے باز رکھنے کے لئے روایتی طور پر پی ڈی پی کے گڑھ مانے جانے والے علاقوں میں محاصرہ اور تلاشی کارروائیاں انجام دیں۔ ان کا پوسٹ میں مزید کہنا ہے کہ 'الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے۔ یہ ایف آئی آر سری گفوارہ بجبہاڑہ کے اسسٹنٹ ریٹرنگ آفیسر کی طرف سے محبوبہ مفتی کے انتخابی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرنے کے خلاف دائر شکایت پر درج کیا گیا ہے۔


Alhaj Md. Javeed 8888 96 1111
Md. Younus 8888 95 1111
Md. Tajammul 8888 94 1111
Md. Awes 8888 93 1111
MUSKAN JEWELLERS
مُسکان جیولرس
سونے کے زیورات کا وسیع اور عمدہ شوروم
صرافہ بازار، چوک، ناندیڑ۔

First Time in Our Nanded City With Unique Ideas
Contact : 8390082951, 9890364155
ZAIN PUBLIC SCHOOL NANDED
"Where Every Child's Imagination Takes Flight!"
No Donation
HURRY UP
Limited Seats For 2024-25
Zain
PUBLIC SCHOOL NANDED
English Medium
ADMISSIONS OPEN
FOR GRADES
LKG UKG 1st
Features
Qualified & Trained Staff
Best Infrastructure
Play-Based Learning
Holistic Development
Visiting Time : 9am to 1pm
Address : Opp. Lutfullah Complex, Navghat Road, Vasarni Nanded.

